## ایم کیوایم کی آفیشل ویب سائٹ www.mqm.org کو نئے انداز میں تشکیل دیئے جانے پر
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افرا، طلبہ وطالبات، ڈاکٹرز،
## انجینئرز، کالم نویسوں، دانشوروں، سیاسی وسماجی شخصیات سمیت شعرائے کرام کے
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، اراکین رابطہ کمیٹی اور مرکزی شعبہ اطلاعات کومبارکباد کے پیغامات

کراچی:۔۔۔8مئی،2012ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیوایم کی آفیشل ویب سائٹ www.mqm.org کو نئے انداز میں تشکیل دیئے جانے پر کو بے حد سراہا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے لوگ پیغامات بھیج رہے ہیں۔ پیغامات بھیجنے والوں میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، طلبہ وطالبات، ڈاکٹرز، انجینئرز، کالم نویسوں، دانشوروں، سیاسی وسماجی شخصیات سمیت شعرائے کرام نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، اراکین رابطہ کمیٹی اور مرکزی شعبہ اطلاعات کو زبردست مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ایم کیوایم نے سیاست میں جدید ٹیکنالوجی کو جس طرح فروغ دیا ہے وہ نئی نسل کیلئے ایک مثبت پیغام ہے۔ پیغامات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایم کیوایم کی جانب سے سوشل میڈیا کے حوالے سے فیس بک، یوٹیوب، ٹیوٹر پر جس طرح انفارمیشن ٹیکنالوجی کے متعلق دنیا بھر کے عوام کو آگاہی فراہم کی جارہی ہے وہ ناصرف قابل تعریف بلکہ قابل تقلید بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے مثبت کردار ادا کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ آج دنیا بھر میں مقیم لاکھوں کی تعداد میں ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد حق پرستانہ جدوجہد کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔

## عوامی شکایت سیل کے رکن اور سینئر کارکن محمد عظیم فاروقی کی والدہ محترمہ خیرالنساء کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔8مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خورشید بیگم پبلک سیکریٹریٹ میں عوامی شکایت سیل کے رکن اور سینئر کارکن محمد عظیم فاروقی کی والدہ محترمہ خیرالنساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی محمد عظیم فاروقی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔ محترمہ خیرالنساء مرحومہ کو یسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ لیاقت آباد نمبر 4 میں واقع مسجد بلال میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ، حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## معروف ثناء خواں محترمہ تابندہ لاری کے شوہر سید شمس العارفین کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔8مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مشہور ومعروف ثناء خواں محترمہ تابندہ لاری کے شوہر سید شمس العارفین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے(آمین)۔

## جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کی قرارداد کی منظوری پر ایم کیوایم کے وفد کی حضرت شاہ رکن عالم اور حضرت بہاؤالدین ذکریاؒ کے مزارات پر حاضری قائد تحریک کی جانب سے چادر چڑھائی

ملتان:۔۔۔8 مئی،2012ء

حالیہ دنوں قومی اسمبلی میں جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کیلئے بھاری اکثریت سے قرارداد کی منظوری پر ایم کیوایم کے بڑے وفد نے اولیاء کرام کی سرزمین ملتان کی معروف بزرگ ہستی حضرت شاہ رکن عالم اور حضرت بہاؤالدین ذکریاؒ کے مزارات پر حاضری دی فاتحہ خوانی کی اور مزارات پر قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے چادریں چڑھائیں۔اس موقع پر وفد کے ارکان نے پاکستان کی بقاء وسلامتی،مضبوطی،عوام کی ترقی وخوشحالی اور مزید صوبوں کے قیام سمیت ملک سے انتہاپسندی ودہشت گردی کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت ،تندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔ایم کیوایم کے وفد میں صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے انچارج محمد حسین،جوائنٹ انچارج شبیر قائمخانی،ملتان زونل کمیٹی کے انچارج زاہد خالد وارا کین کمیٹی،ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج واراکین کے علاوہ دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## یوسف شاہوانی کی بھوجا ائیر لائن کے فضائی حادثے میں اہلیہ سمیت ہلاک ہونیوالے گلشن حدید کے کارکن تنویر جان بروہی کے گھر جاکر سوگواران سے تعزیت

کراچی:۔۔۔8 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے اسلام آباد میں بھوجا ائیر لائن کے فضائی حادثے میں اہلیہ سمیت ہلاک ہونیوالے گلشن حدید یونٹ بن قاسم سیکٹر کے کارکن تنویر جان بروہی کی رہائشگاہ جاکران کے والد لکھ میر بروہی اور دیگر سوگوارلواحقین سے ملاقات کی اور تنویر جان بروہی اور ان کی اہلیہ صدف تنویر کی ہلاکت پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ہلاک شدگان کی مغفرت ،ان کے درجات کی بلندی اور سوگوارلواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم ،جوائنٹ انچارج سلیم جوکھیو،ارکان الطاف حسین مینگل،گل محمد مینگل،محمد علی کلمتی ،بشیر دروان اور گلشن حدید سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں یوسف شاہوانی نے بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے رکن پیر ناصر جمال سرہندی کی ہمشیرہ اور اسٹیل ٹاؤن یونٹ کے کارکن محمد محسن کی اہلیہ کے انتقال پر ان کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگوارلواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت،درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ میں ملک کے تمام مسائل کا موثر،دیرپا اور جامع حل موجود ہے، ایم کیوایم سکھر زون کے جوائنٹ انچارج واراکین زونل کمیٹی کا کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

سکھر:۔۔۔8 مئی،2012ء

ایم کیوایم سکھر زون کے جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام،زونل ممبر نصرت عزیز نعیم قریشی اور مجیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کی مظلوم عوام میں ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ تیزی سے پھیل رہا ہے اور اب پاکستان کے عوام اس نتیجے پر پہنچ چکے ہے کہ آنے والا وقت ایم کیوایم کا ہوگا۔ان خیالات کا اظہاانہوں نے یوسی B.10 میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک م جناب الطاف حسین کی زیر قیادت 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کا انقلاب نوشتہ دیوار بن چکا ہے نام نہا دوڈیرے اور جاگیر دار عوامی انقلاب کی راہ میں جتنی چاہے رکاوٹیں کھڑی کرلیں فتح حق پرستوں کی ہی ہوگی انہوں نے کہا کہ گزشتہ 65 سالوں سے اقتدار کے مزے لوٹنے والے وڈیروں اور جاگیر داروں نے لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی پر عمل پیرا ہوکر مختلف قومیتوں کے درمیان نفرتوں کی دیواریں کھڑی کیں اور ملک کے کونے کونے میں فرقہ وارانہ اریت وتعصّبات کے بیج بوکر بدنامی اور دہشت گردی کی فصل تیار کی جس کے باعث آج ملک کا ہر حصہ دہشت گردی کی زد میں ہے اور امن وامان کا قیام خواب بن چکا ہے انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفہ میں ملک کے تمام مسائل کا موثر،دیرپا اور جامع حل موجود ہے موروثی سیاست کے علم برادروں کو ملک کے خلاف کی جانے والی سازشوں کا سلسلہ بند کرکے عوام کے حق کی حکمرانی کو تسلیم کرنا ہوگا۔

## متحدہ قومی موومنٹ مذہبی رواداری، افہام وتفہیم اور سیاسی و مذہبی آزادی پر یقین رکھتی ہے، فہیم احمد الطافی
## علماء حضرات نے جناب الطاف حسین کی جانب سے امن وامان اور افہام تفہیم کی کوششوں کو سراہا

میر پور خاص:۔۔۔8 مئی، 2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی، زونل ممبر و سابقہ ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم مذہبی رواداری، افہام وتفہیم اور سیاسی و مذہبی آزادی پر یقین رکھتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے علماء ایکشن کمیٹی کے عہدیداران مولانا حافظ عبداللہ صاحب اور مولانا حفیظ الرحمان صاحب سے مدینہ مسجد میں ملاقات کے دوران کیا۔ دریں اثناء انہوں نے خضراء مسجد کے امیر مولانا عبدالرشید صاحب سے بھی ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں انہوں نے علماء حضرات کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مذہبی رواداری، افہام تفہیم اور مذہبی وسیاسی آزادی کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور علماء حضرات سے شہر میں امن وامان کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم اس ملک کے غریب اور مظلوم عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو سیاسی اور مذہبی آزادی پر یقین رکھتی ہے اور جس میں تمام مذاہب، فرقوں اور زبان سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ ایم کیو ایم کی جدوجہد ملک کے دو فیصد استحصالی عناصر کے خلاف ہے جنہوں نے اس ملک کے غریب اور مظلوم عوا کو کرپٹ موروثی سیاست کے ذریعے غلام بنا کر رکھا ہوا ہے۔ اس موقع پر علماء حضرات نے قائد تحریک الطاف حُسین کی جانب سے امن و مان اور افہام تفہیم کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور علماء ایکشن کمیٹی کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر زونل ممبر عمران لیاقت اور سابقہ تعلقہ ناظم غلام دستگیر کمالی بھی اُنکے ہمراہ تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف کا ٹنڈو محمد خان کا تنظیمی دورہ، تنظیمی امور کا جائزہ لیا

حیدرآباد:۔۔۔8 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے ٹنڈو محمد خان کا تنظیمی دورہ کیا۔ اس موقع پر رکن زونل کمیٹی مبین احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے تمام یونٹ آفسز جا کر تنظیمی کاموں کا جائزہ لیا اور تحریکی کاموں میں مصروف ٹنڈو محمد خان کے تمام ذمہ داران و کارکنان کو شاباش دی۔ انہوں نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نظام کی تبدیلی کیلئے ہمیں شب روز جدوجہد کرنی ہے اسی میں ہماری آنے والی نسلوں کی بقاء اور روشن مستقبل وابستہ ہے۔

## ایم کیو ایم ایک انقلابی تحریک کا نام ہے اور وہی انقلابی تحریکیں کامیاب ہوتی ہیں
## جن کے کارکنان آزمائشوں میں ثابت قدم رہ کر مقصد کی جدوجہد کو جاری وساری رکھتے ہیں،
## ایم کیو ایم حیدرآباد زونل نچارج محمد شریف کا زونل آفس پر سیکٹرز اور شعبہ جات کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔8 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل آفس پر سیکٹرز اور شعبہ جات کے ذمہ داران کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی اور سیکٹر انچارجز و جوائنٹ سیکٹر انچارجز سمیت شعبہ جات کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے زونل انچارج محمد شریف نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک انقلابی تحریک کا نام ہے اور انقلابی تحریکوں میں آزمائشیں لازمی امر ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریکوں کو کبھی انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو کبھی کوئی مرحلہ ایسا بھی آتا ہے کہ جب تحریکوں کیلئے کچھ آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں مگر تحریکوں کے سچے اور نظریاتی کارکنان نہ تو مشکلات سے گھبراتے ہیں اور نہ ہی آسانیاں انہیں کسی قسم کی خوش فہمیوں میں مبتلا کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریکیں وہی کامیاب ہوتی ہیں جن کے کارکنان آزمائشوں میں ثابت قدم رہ کر اپنے مشن ومقصد کی جدوجہد کو جاری وساری رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی تاریخ بھی ایسی ہی کٹھن وصبر آزما آزمائشوں سے بھری پڑی ہے اور آج پھر حالات وواقعات کسی نئی آزمائش کا عندیہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان خود کو نظریاتی طور پر مضبوط و مستحکم کریں تاکہ آنے والی آزمائشوں کا جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے بہتر سے بہتر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد نہ تو کسی خاص طبقہ کے لئے ہے اور نہ ہی چند خاندانوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے ہے بلکہ یہ جدوجہد اس ملک کے تمام مظلوموں کے لئے ہے اور یہ قائد کے نظریہ کی سچائی ہے کہ آج اس ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے لوگ ایم کیو ایم میں شامل ہو رہے ہیں اور وہ وقت دور نہیں کہ جب اس ملک کے تمام مظلوم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہبری و رہنمائی میں اپنی منزل پر پہنچیں گے۔

## ملک میں انقلاب لانے کیلئے بلوچ عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دیں، امداد حسین مری
## نصیر آباد تحصیل سوئی آفس میں کارکنوں سے خطاب

نصیر آباد۔۔۔۔8 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نصیر آباد زون کے جوائنٹ انچارج امداد حسین مری نے کہا ہے کہ ملک میں انقلاب لانے کیلئے بلوچ عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دیں۔ان خیالات کا انہوں نے اظہار تحصیل سوئی آفس میں کارکنوں کی بڑی تعداد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع رکن زونل کمیٹی شیر باز بگٹی ،سوئی تحصیل کے انچارج وارا کین کمیٹی، ڈسٹرکٹ انچارج ڈیرہ بگٹی عبدالوحید بگٹی وارا کین کمیٹی کے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی اور تحصیل سوئی کے عوام نے کثیر تعداد میں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کر کے دنیا کو بتادیا ہے کہ ایم کیوایم ہی غریب عوام کی نمائندہ جماعت ہے اوراس جماعت میں ہر نسل اور ہر قومیت سے تعلق رکھنے والے افراد حق پرستی کی راہ پر چل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور سلامتی اور بلوچستان کے مظلوم اور محروم عوام کو حقوق دلانے کیلئے ایم کیوایم دن رات کام کررہی ہے، ہمارا فرض ہے کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پرعمل پیرا ہوں اورعوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنا موثر کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆